علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ سوشیالوجی)

وارننگ

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

ا۔امتحانی مشق میں اگر آپ کسی اور کی تحریر سے مواد چوری کرکے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یاڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں۔خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہوجائے۔

۲۔کسی دوسرے طالب علم سے ادھارلی گئی یاچوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی،اسلام آباد کی مواد کی چوری(PLAGIARISM)پالیسی کے مطابق سزادی جائے گی۔

کورس:عمرانیات(9432/5415) سمسٹر:بہار،2026ء

سطح:بی ایس

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری،بی ایس،بی ایڈ،ایم اے،ایم ایس سی،ایم ایڈ(ODL موڈ)

1۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔
3- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈنہ ہوسکیں گی جس کی تمام ترذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔
4۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
5۔ غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب،سٹڈی گائیڈ یادیگر مطالعاتی مواد سے ہوبہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 **کامیابی کے نمبر:50**

امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ: 1تا4)

سوال نمبر1- تحقیقی عمل کی نوعیت،اہمیت اور حدود پر بحث کریں۔کیا سماجی تحقیق مکمل معروضیت حاصل کرسکتی ہے یا محقق کے ذاتی و ثقافتی رجحانات تحقیق پر اثرانداز ہوتے ہیں؟مثالوں کے ساتھ تنقیدی تجزیہ کریں۔ (20)

سوال نمبر2- مختلف عمرانی نظریات معاشرتی حقیقت کو سمجھنے کے مختلف زاویے پیش کرتے ہیں۔کیا نظریاتی اختلافات سماجی مسائل کو بہتر انداز میں سمجھنے میں مدد دیتے ہیں یا ابہام پیدا کرتے ہیں؟پاکستانی معاشرے کے تناظر میں وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر3- فرد اور معاشرہ ایک دوسرے پر کس حد تک اثرانداز ہوتے ہیں؟بحث کریں کہ اگر اجتماعی شعور اور سماجی اقدار میں بنیادی تبدیلی آجائے تو اس کے اثرات سماجی اداروں اور فرد کی شناخت پر کیسے مرتب ہوں گے؟ (20)

سوال نمبر4- ثقافت کے عناصر (اقدار، روایات، زبان، عقائد) ایک دوسرے سے کیسے جڑے ہوتے ہیں؟ اگر کسی معاشرتی گروہ میں ثقافتی تبدیلی واقع ہو تو اس کے سماجی توازن اور ہم آہنگی پر کیا اثرات مرتب ہو سکتے ہیں؟ مثالوں کے ساتھ وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر5- مندرجہ ذیل پر نوٹ تحریر کریں۔

1. تحقیق کے مختلف طریقہ ہائے کار کے فوائد اور محدودیت (10)

2. پاکستان کو درپیش تین اہم سماجی مسائل اور ان کی بنیادی وجوہات (10)

کل نمبر:100 **کامیابی کے نمبر:50**

امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ5:تا9)

سوال نمبر1- کمیونٹی ڈویلپمنٹ کے تصور کی وضاحت کریں۔ پاکستانی دیہی اور شہری کمیونٹیز میں ترقی کے عمل کو متاثر کرنے والے سماجی، معاشی اور ثقافتی عوامل کا تجزیہ کریں۔ (20)

سوال نمبر2- جرم کا تصور وقت اور ثقافت کے ساتھ کیسے تبدیل ہوتا ہے؟ بحث کریں کہ کن حالات میں کوئی عمل ایک دور میں قابلِ قبول جبکہ دوسرے دور میں جرم قرار پاتا ہے؟ پاکستانی قوانین اور سماجی تبدیلیوں کے تناظر میں وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر3- منصوبہ بندی اور سماجی ترقی کے باہمی تعلق پر روشنی ڈالیں۔ کیا کسی منصوبے کی کامیابی صرف اس کی تیاری پر منحصر ہوتی ہے یا اس میں عملی حکمت عملی، مقامی حالات اور قیادت بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں؟ (20)

سوال نمبر4- سماجی ترقی کے تصور کو صرف معاشی ترقی تک محدود کرنا کس حد تک درست ہے؟ اخلاقی اقدار، انسانی آزادی اور سماجی انصاف کو ترقی کے پیمانوں میں کیوں شامل کیا جانا چاہیے؟ (20)

سوال نمبر5- سماجی مسائل کے حل میں ریاست، غیر سرکاری تنظیموں (NGOs) اور افراد کے کردار کا تنقیدی جائزہ لیں۔ کیا پائیدار تبدیلی صرف حکومتی اقدامات سے ممکن ہے یا سماجی شراکت داری ناگزیر ہے؟ (20)